سوال

(16) اٹھتے بیٹھے، یا رسول اللہ کہنا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اٹھتے بیٹھے، یا رسول اللہ کہنا کیسا ہے، اللہ رسول کی مدد کہنا کیسا ہے۔ رسول کی قسم کہنا کیسا ہے، اللہ رسول کی امان کہنا کیسا ہے، قرآن وحدیث اور حنفی مذہب کی رو سے تحقیقی جواب عنایت فرمایا جائے۔ (اجرکم علی اللہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ تمام کلمات شریعت مقدسہ کی تعلیم کے خلاف ہیں ان میں سے ہر موقعہ پر صرف اللہ تعالیٰ جل شانہ کا نام لینا چاہیے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم کھانا (من کان منکم حالفا فلیحلف باللہ او لیصمت) کے ماتحت (منہی عنہ) ہے، محمد کفایت اللہ (کان اللہ لہ) دہلوی

الجواب صواب:۔۔۔ محمد شریف اللہ غفرلہ، مدرسہ عالیہ فتحوری دہلی۔

الجواب صحیح:۔۔۔ اشفاق الرحمن غفرلہ، مدرس مدرسہ عالیہ فتحوری دہلی

الجواب صحیح:۔۔۔ خادم العلماء سلطان محمد عفی عنہ ایضا

الجواب حق:۔۔۔ محمد شفیع عفی عنہ مدرس مدرسہ عبدالرب دہلی

الجواب صحیح:۔۔۔ فخر الحسن عفی عنہ، مدرس مدرسہ فتحوری دہلی

الجواب صحیح:۔۔۔ عبدالرحمن مدرس مدرسہ ایضا

الجواب صحیح:۔۔۔ محمد اسحاق عفی عنہ

(اخبار محمدی جلد نمبر ۱۴ش نمبر ۱۹۳۶۴ء)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 65

محدث فتویٰ